# URDU

Roll No.:.......................

Total No. of Printed Pages: 4

Total No. of Questions: 12]

## Paper 1

[Maximum Marks: 100

Time: 3 Hours]

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔

۵×۲=۱۰

(الف) "بزرگانہ نصیحتوں کے بعد کچھ دعائیہ کلمات کی باری آئی۔ بنسی دھر نے سعادت مند لڑکے کی طرح یہ باتیں بہت توجہ سے سنیں اور تب گھر سے چل کھڑے ہوئے۔ اس وسیع دنیا میں جہاں اپنا استقلال، اپنا رفیق، اپنی ہمت، اپنا مددگار اور اپنی کوششیں مربی ہیں۔ لیکن اچھے شگون سے چلے تھے۔ خوبی قسمت ساتھ تھی۔ صیغۂ نمک کے داروغہ مقرر ہوئے۔ مشاہرہ معقول، بالائی رقم کا کچھ ٹھکانہ نہ تھا۔ بوڑھے منشی جی نے خط پایا تو باغ باغ ہو گئے۔ کلوار کی تسکین و تشفی کی سند لی، پڑوسیوں کو حسد ہوا اور مہاجنوں کی سخت گیریاں مائل بہ نرمی ہو گئیں۔

سوالات:

(i) یہ عبارت کس سبق سے لی گئی ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) بنسی دھر نے کس انداز میں یہ باتیں سنیں؟

(iii) بنسی دھر کس عہدے پر فائز ہوئے؟

(iv) منشی جی نے خط پا کر کیا محسوس کیا؟

(v) اس وسیع دنیا میں کون اپنا مربی ہے؟

(ب) "شاہ مال بے حد رنجیدہ تھی۔ جب سے یہ مرغا آیا تھا ایک کے بعد ایک بدنصیبی نے اسے اپنے گھیرے میں لیا تھا۔ وہ جانی کو اسی تیکھے انداز میں جواب دیتی جو وہ برداشت بھی نہ کر پاتی۔ کیونکہ وہ تیز طرار جواب دینے میں اُس سے کسی طرح کم نہ تھی۔ پھر گالی گلوج شروع ہو جاتی اور زبان کی جنگ چھڑ جاتی اگر ایک مرغا اچانک ڈر کے مارے بھاگ نہ کھڑا ہوتا۔ یہ مریل جانی کا مرغا تھا۔ شاہ مال کا مرغا پورے احاطے سے اس کا پیچھا کر رہا تھا۔ شاہ مال کو محسوس ہوا کہ مریل جانی پسینے سے شرابور ہو گئی ہے"۔

سوالات

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) کون پسینے سے شرابور ہوئی؟

(iii) شاہ مال کو کب سے بدنصیبی نے گھیر لیا تھا؟

(iv) شاہ مال جانی کو کس انداز سے جواب دیتی؟

(v) کس کا مرغا کس کے مرغے کا پیچھا کر رہا تھا؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے: ۲×۴=۸

(i) مرزا ظاہر بگ کو جمعدار سے کیا تعلق تھا؟

(ii) سرسید احمد خان نے علمی میدان میں کیا کارنامے انجام دیئے؟

(iii) پطرس بخاری نے جو بائیکل مرزا سے خریدی تھی اس کا خاکہ تحریر

(iv) مصنف جاپان کو اطمینان کے ساتھ کیوں نہ دیکھ سکا؟

۳۔ سوانح نگاری" یا" انشائیہ" پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۶

۴۔ سرسید احمد خان کے حالات زندگی یا مولوی نذیر احمد کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۶

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری جز کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے: ۵×۲=۱۰

(الف)

فرطِ خشکی سے وہ لب ترسیں تکلم کے لئے — جن کو قدرت نے تراشا ہو تبسم کے لئے

دست نازک کو رسن سے اب چھڑانا چاہیے — اس کلائی میں تو کنگن جگمگانا چاہیے

(i) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟

(ii) فرطِ خشکی سے لب کس کے لئے ترستے ہیں؟

(iii) قدرت نے لبوں کو کس لئے تراشا ہے؟

(iv) دست نازک کو کس سے چھڑانا چاہیے؟

سوالات

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) کون پسینے سے شرابور ہوئی؟

(iii) شاہ مال کو کب سے بد نصیبی نے گھیر لیا تھا؟

(iv) شاہ مال جانی کو کس انداز سے جواب دیتی؟

(v) کس کا مرغا کس کے مرغے کا پیچھا کر رہا تھا؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے: ۲×۴=۸

(i) مرزا ظاہر بگ کو جمعدار سے کیا تعلق تھا؟

(ii) سر سید احمد خان نے علمی میدان میں کیا کارنامے انجام دیئے؟

(iii) پطرس بخاری نے جو بائیکل مرزا سے خریدی تھی اس کا خاکہ تحریر

(iv) مصنف جاپان کو اطمینان کے ساتھ کیوں نہ دیکھ سکا؟

۳۔ سوانح نگاری "یا" انشائیہ" پر ایک نوٹ لکھئے۔ ۶

۴۔ سر سید احمد خان کے حالات زندگی یا مولوی نذیر احمد کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔ ۶

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری جز کو غور سے پڑھنے کے بعد اس کے آخر میں پوچھے گئے سوالات کے جواب لکھئے: ۵×۲=۱۰

(الف)

فرط خشکی سے وہ لب ترسیں تکلم کے لئے
جن کو قدرت نے تراشا ہو تبسم کے لئے

دست نازک کو رسن سے اب چھڑانا چاہیے
اس کلائی میں تو کنگن جگمگانا چاہیے

(i) یہ شعری جز کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟

(ii) فرطِ خشکی سے لب کس کے لئے ترستے ہیں؟

(iii) قدرت نے لبوں کو کس لئے تراشا ہے؟

(iv) دست نازک کو کس سے چھڑانا چاہیے؟

(v) کلائی میں کیا جگمگانا چاہیے؟

(ب) دریا کی طرف پیاس میں تکتے نہیں غازی
گر شیر بھی جھپٹے، تو سر کتے نہیں غازی
تلواروں میں آنکھوں کو جھپکتے نہیں غازی
بجلی بھی گرے تو جھجکتے نہیں غازی
دم ہونٹوں پہ آئے تو شجاعت نہیں جاتی
مرنے پر بھی چہرے کی بشاشت نہیں جاتی

(i) یہ شعری جُز کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور اس کا شاعر کون ہے؟

(ii) کس وجہ سے غازی دریا کی طرف نہیں تکتے؟

(iii) تلواروں میں غازی کیا کرتا ہے؟

(iv) بجلی گرنے پر غازی کیا نہیں کرتا؟

(v) مرنے پر غازی کے چہرے سے کیا نہیں جاتی؟

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھئے: ۵×۲=۱۰

(الف) حیدر علی آتش یا پروین شاکر کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

(ب) مومن خان مومن یا حسرت موہانی کے حالاتِ زندگی تحریر کیجئے۔

(ج) اسد اللہ خان غالب کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(د) غزل یا قصیدے پر نوٹ لکھئے۔

۷۔ نظم "اے شریف انسانو" کا مرکزی خیال تحریر کیجئے۔ ۶

یا

"اقبال" یا جوش کے حالات زندگی لکھئے۔

۸۔ صرف دو اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ کیجئے: ۴

حسنِ مطلع۔ شاہ بیت۔ حسنِ تعلیل۔ صنعت تجنیس۔

۹۔ ذیل میں سے دو سوالات کے جواب تفصیل سے لکھئے : ۲×۷=۱۴

(الف) ترقی پسند تحریک کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(ب) دبستان لکھنو کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

(ج) مرزا غالبؔ نے اپنے خطوط کے ذریعے اردو نثر کو ایک نئی راہ دکھائی۔ اس پر اپنے خیالات تحریر کیجئے۔

(د) علی گڑھ تحریک کی علمی خدمات پر روشنی ڈالئے۔

۱۰۔ اپنے دوست کو امتحان میں شاندار کامیابی حاصل کرنے پر مبارکباد کا ایک خط لکھئے۔ ۸

یا

سائیکل چوری سے متعلق اپنے علاقہ کے تھانہ انچارج کی خدمت میں ایک عرضی لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے: ۱۲

(i) جنگ اور امن

(ii) ماحول کی کثافت کے زہریلے اثرات

(iii) علم کے فوائد

یا

اپنے شہر میں منائے گئے "یوم جمہوریہ" کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے ہر سوال کا جواب ایک یا دو الفاظ میں لکھئے: ۶

(i) کلیم کہاں سویا تھا؟

(ii) غلام خان نے شاہ مال کو مرغے کی قیمت کتنی بتا دی؟

(iii) مرزا غالب کا پورا نام کیا ہے؟

(iv) سبق "مرحوم کی یاد میں"، کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(v) "دبستان دلی" کے دو مشہور غزل گو شعراء کے نام لکھئے۔

(vi) "خود کلامی" کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

# URDU

Roll No.:......................

Total No. of Questions: 12]

Total No. of Printed Pages: 4

## Paper 2

Time: 3 Hours]

[Maximum Marks: 100

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیے:

۵×۲=۱۰

(الف) نمک کے دفتر سے ایک میل پورب کی جانب جمنا ندی بہتی تھی اور اس پر کشتیوں کی ایک گزر گاہ بنی ہوئی تھی۔ داروغہ صاحب کمرہ بند کئے ہوئے میٹھی نیند سوئے ہوئے تھے۔ یکایک آنکھ کھلی تو ندی کے میٹھے سہانے راگ بجائے گاڑیوں کا شور وغل اور ملاحوں کی بلند آوازیں کان میں آئیں۔ اٹھ بیٹھے، اتنی رات گئے کیوں گاڑیاں دریا کے پار جاتی ہیں۔

(i) کشتیوں کی گزر گاہ کہاں بنی تھی؟

(ii) داروغہ صاحب کہاں تھے؟

(iii) آنکھ کھلنے کے بعد داروغہ کے کانوں میں کس قسم کی آوازیں آئیں۔

(iv) رات کے اندھیرے میں گاڑیاں کہاں جاتی ہیں؟

(v) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ب) حکیم رضی الدین خان جو مرزا کے نہایت دوست تھے ان کو آم نہیں بھاتے تھے۔ ایک دن وہ مرزا کے مکان پر برآمدے میں بیٹھے تھے اور مرزا بھی وہیں موجود تھے۔ ایک گدھے والا اپنے گدھے لئے ہوئے گلی سے گذرا۔ آم کے چھلکے پڑے تھے۔ گدھے نے سونگھ کر چھوڑ دیے۔ حکیم صاحب نے کہا، "دیکھئے آم ایسی چیز ہے جسے گدھا بھی نہیں کھاتا۔" مرزا نے کہا، "ہاں گدھا نہیں کھاتا"۔

(i) مرزا کے کس دوست کو آم نہیں بھاتے تھے؟

(ii) گلی سے کون گذرا؟ اس کے ساتھ کیا تھا؟

(iii) گدھے نے سونگھ کر کیا چھوڑ دیئے؟

(iv) حکیم صاحب نے غالبؔ سے کیا کہا؟

(v) غالبؔ نے جواب میں کیا کہا؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب تحریر کیجئے: ۲×۴=۸

(i) "یونیسکو کی چھتری" میں مصنف نے بیوی کو خط میں کیا لکھا؟

(ii) شاہ مال مریل جانی کے مرغ کے ساتھ کیا سلوک کرتی تھی؟

(iii) "گذرا ہوا زمانہ" میں بوڑھا زندگی کے کن ادوار کو یاد کرتا ہے؟

(iv) غالب اپنے دوستوں سے کیسے پیش آتے تھے؟

۳۔ "انشائیہ" یا "خاکہ" پر نوٹ لکھئے۔

۴۔ سر سید احمد خان کے حالات زندگی یا مولوی نذیر احمد کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھیے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے مخ
جواب لکھئے: ۲×۵=۱۰

(الف) اس مال کی دھن میں پھرتے تھے     تاجر بھی بہت، رہزن بھی کئی
ہے چور گر، ہاں مفلس کی     گر جان بچی، تو آن گئی

(i) مال و دولت حاصل کرنے کی فکر کون کرتے ہیں؟

(ii) تاجر اور رہزن میں کیا فرق ہے؟

(iii) غریبوں کے ساتھ کیا سلوک ہوتا ہے؟

(iv) زندگی اور عزت کن کی خطرے میں رہتی ہے؟

(v) یہ بند کس نظم سے لیا گیا ہے اور اس کے شاعر کون ہیں؟

(ب) آؤ اس تیرہ بخت دنیا میں
فکر کی روشنی کو عام کریں
امن کو جن سے تقویت پہنچے

ایسی جنگوں کا اہتمام کریں

(i) شاعر دنیا کی فلاح و بہبود کے لئے قوموں کو کس جنگ کی صلاح دیتے ہیں؟

(ii) شاعر دنیا کا اندھیرا مٹانے کے لئے کس روشنی کو عام کرنا چاہتا ہے؟

(iii) شاعر کے نزدیک دنیا کیسی ہے؟

(iv) تیرہ بخت کے کیا معنی ہیں؟

(v) یہ شعری بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟ اس کا شاعر کون ہے؟

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں تحریر کیجئے: ۲×۵=۱۰

(الف) مرزا غالب یا حسرت موہانی کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

(ب) میر تقی میر یا آتش کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(ج) مومن کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(د) "نظم" یا "مرثیہ" پر نوٹ لکھئے۔

۷۔ نظم "ایک آرزو" کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۶

یا

میر انیس یا فیض احمد فیض کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

۸۔ صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ ۲×۲=۴

(i) حسن مطلع۔

(ii) شاہ بیت۔

(iii) صنعت تجنیس۔

(iv) استعارہ۔

۹۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے تحریر کیجئے: ۷×۲=۱۴

(الف) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق چند مستند نظریئے بیان کیجئے۔

(ب) علی گڑھ تحریک کی ادبی خدمات پیش کیجئے۔

ایسی جنگوں کا اہتمام کریں

(i) شاعر دنیا کی فلاح و بہبود کے لئے قوموں کو کس جنگ کی صلاح دیتے ہیں؟

(ii) شاعر دنیا کا اندھیرا مٹانے کے لئے کس روشنی کو عام کرنا چاہتا ہے؟

(iii) شاعر کے نزدیک دنیا کیسی ہے؟

(iv) تیرہ بخت کے کیا معنی ہیں؟

(v) یہ شعری بند کس نظم سے لیا گیا ہے؟ اس کا شاعر کون ہے؟

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں تحریر کیجئے: ۲×۵=۱۰

(الف) مرزا غالب یا حسرت موہانی کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

(ب) میر تقی میر یا آتش کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

(ج) مومن کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(د) "نظم" یا "مرثیہ" پر نوٹ لکھئے۔

۷۔ نظم "ایک آرزو" کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔ ۶

یا

میر انیس یا فیض احمد فیض کے حالات زندگی تحریر کیجئے۔

۸۔ صرف دو شعری اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ ۲×۲=۴

(i) حسن مطلع۔

(ii) شاہ بیت۔

(iii) صنعت تجنیس۔

(iv) استعارہ۔

۹۔ درج ذیل سوالات میں سے صرف دو کے جواب تفصیل سے تحریر کیجئے: ۷×۲=۱۴

(الف) اُردو زبان کے آغاز سے متعلق چند مستند نظریئے بیان کیجئے۔

(ب) علی گڑھ تحریک کی ادبی خدمات پیش کیجئے۔

ARTS

(ج) خطوط غالب کی خصوصیات تحریر کیجئے۔

(د) دبستان دہلی کی ادبی اہمیت بیان کیجئے۔

۱۰۔ اپنے چھوٹے بھائی کو بُری صحت سے دور رہنے اور پڑھائی کی طرف دھیان دینے کی تلقین کرنے کے [illegible] لکھیے۔

یا

اپنے مقامی ایس۔ ایچ۔ او۔ کی خدمت میں ایک درخواست لکھیے جس میں اسکوٹر کی گمشدگی اور بازیابی کی [illegible] کیجئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر دوسو (200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے:

(i) موجودہ دور میں اخلاقی تعلیم کی ضرورت

(ii) بیروزگاری کے مسائل اور اُن کا حل

(iii) علم کے فوائد۔

یا

آپ کے اسکول میں جو ادبی مشاعرہ منعقد ہوا اس کی مکمل کارروائی تحریر کیجئے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات میں سے جواب صرف ایک یا دو الفاظ میں لکھیے:

= ٦

(i) "یونیسکو کی چھتری"، کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(ii) سبق "مرزا غالب"، حالی کی کس سوانح عمری سے لیا گیا ہے؟

(iii) پطرس بخاری نے مرزا سے بائیسکل کتنے روپے میں خریدی؟

(iv) خواجہ احمد عباس کا لکھا ہوا خاکہ، "بینا کماری"، میں کس فلم کا زیادہ ذکر کیا گیا ہے؟

(v) پریم چند کا کونسا افسانہ درسی کتاب میں شامل ہے؟

(vi) دبستان دہلی کے دو مشہور غزل گو شعراء کے نام لکھیے۔

# URDU

Roll No.:.....................

Total No. of Questions: 12]

Total No. of Printed Pages: 4

## Paper 3

Time: 3 Hours]

[Maximum Marks: 100

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔

(الف) " کلیم جب گھر سے نکلا تو کھانا تیار تھا لیکن وہ اس قدر طیش میں تھا کہ اس نے کھانے کی مطلق پرواہ نہ کی اور بے کھائے نکل کھڑا ہوا۔ مرزا کے ملنے کے بعد وہ منتظر تھا کہ آخر مرزا کچھ پوچھیں ہی گے تو کہہ دوں گا۔ مرزا کو ہر چند کھانے کی نسبت پوچھنا ضرور تھا کیوں کہ اول تو کچھ ایسی رات زیادہ نہیں گئی تھی۔ دوسرے یہ اس کو معلوم ہو چکا تھا کہ کلیم گھر سے لڑ کر نکلا ہے، تیسرے دونوں میں بے تکلفی غایت درجے کی تھی۔ لیکن مرزا قصداً اس بات سے معترض نہ ہوا اور کلیم بے چارے کا بھوک کے مارے یہ حال کہ مسجد میں آنے سے پہلے اس کی انتریوں نے قل ھو اللہ پڑھنی شروع کر دی تھی۔"

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) کلیم نے کس کی مطلق پرواہ نہ کی؟

(iii) مرزا کو کیا معلوم ہو چکا تھا؟

(iv) دونوں میں بے تکلفی کس درجہ کی تھی؟

(v) مسجد میں آنے سے پہلے کلیم کی انتریوں نے کیا پڑھنا شروع کیا تھا؟

(ب) چار دل چار راہیں، میں تین ہیروئنیں تھیں، مینا کماری، نمی اور کم کم۔ ہر ایک نے اپنی اپنی کہانی میں لاجواب کام کیا تھا لیکن ہمارے اسٹاف کے سب لوگ ہیروئن نمبر ون مینا کماری کو کہتے تھے، کیوں؟ یہ کسی کو معلوم نہیں تھا۔ بس کہنے لگے تھے۔ شاید اس لئے کہ وہ کسی طرح بھی ہیروئن نہیں لگتی تھی۔ فلم اسٹاروں جیسے بھڑک دار کپڑے نہیں پہنتی تھی۔ سفید کلب لگی وائل کی ساڑھی اس کا پسندیدہ لباس تھا

# URDU

Roll No.:.......................

Total No. of Questions: 12]

Total No. of Printed Pages: 4

## Paper 3

Time: 3 Hours]

[Maximum Marks: 100

۱۔ درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک اقتباس کو غور سے پڑھ کر اس کے آخر پر پوچھے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھئے۔

(الف) " کلیم جب گھر سے نکلا تو کھانا تیار تھا لیکن وہ اس قدر طیش میں تھا کہ اس نے کھانے کی مطلق پرواہ نہ کی اور بے کھائے نکل کھڑا ہوا۔ مرزا کے ملنے کے بعد وہ منتظر تھا کہ آخر مرزا کچھ پوچھیں ہی گے تو کہہ دوں گا۔ مرزا کو ہر چند کھانے کی نسبت پوچھنا ضرور تھا کیوں کہ اول تو کچھ ایسی رات زیادہ نہیں گئی تھی۔ دوسرے یہ اس کو معلوم ہو چکا تھا کہ کلیم گھر سے لڑ کر نکلا ہے، تیسرے دونوں میں بے تکلفی غایت درجے کی تھی۔ لیکن مرزا قصداً اس بات سے معترض نہ ہوا اور کلیم بے چارے کا بھوک کے مارے یہ حال کہ مسجد میں آنے سے پہلے اس کی انتڑیوں نے قل ھو اللہ پڑھنی شروع کر دی تھی۔ "

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور اس کے مصنف کون ہیں؟

(ii) کلیم نے کس کی مطلق پرواہ نہ کی؟

(iii) مرزا کو کیا معلوم ہو چکا تھا؟

(iv) دونوں میں بے تکلفی کس درجہ کی تھی؟

(v) مسجد میں آنے سے پہلے کلیم کی انتڑیوں نے کیا پڑھنا شروع کیا تھا؟

(ب) چار دل چار راہیں، میں تین ہیروئنیں تھیں، میناکماری، نمی اور کم کم۔ ہر ایک نے اپنی اپنی کہانی میں لاجواب کام کیا تھا لیکن ہمارے اسٹاف کے سب لوگ ہیروئن نمبر ون میناکماری کو کہتے تھے، کیوں؟ یہ کسی کو معلوم نہیں تھا۔ بس کہنے لگے تھے۔ شاید اس لئے کہ وہ کسی طرح بھی ہیروئن نہیں لگتی تھی۔ فلم اسٹاروں جیسے بھڑک دار کپڑے نہیں پہنتی تھی۔ سفید کلب لگی وائل کی ساڑھی اس کا پسندیدہ لباس تھا

Kashmir Student Alerts

۔ فلم ستاروں کی طرح اٹھلا کر بات نہیں کرتی تھی۔ فلم اسٹاروں کی طرح نخرے نہیں کرتی
ڈائیلاگ گھر سے یاد کر کے آتی تھی۔ آتے ہی یہ نہیں پوچھتی تھی کہ آج کون سا سین کرنا ہے
نے ڈائیلاگ کے جو کاغذ بھجوائے تھے وہ تو گھر میں بھول گئی ہوں۔

(i) یہ اقتباس کس سبق سے لیا گیا ہے اور مصنف کون ہے؟

(ii) فلم اسٹاروں کی طرح وہ کیا نہیں کرتی تھی؟

(iii) فلم اسٹار آتے ہی کیا پوچھتے ہیں؟

(iv) فلم چار دل چار راہیں میں کون کون سی ہیروئنیں تھی؟

(v) مینا کماری کا پسندیدہ لباس کیا تھا؟

۲۔ درج ذیل سوالات میں سے دو سوالوں کے جواب پچاس (50) سے ساٹھ (60) الفاظ میں تحریر کیجئے:

(i) سبق "گذرا ہوا زمانہ میں سر سید نے کیا پیغام دیا ہے؟

(ii) بنسی دھر نے ولی دین کے ساتھ کیا کیا؟

(iii) یونیسکو کی چھتری میں مصنف کی بیوی کس غلط فہمی کا شکار ہو گئی تھی؟

(iv) مینا کماری کی شخصیت کی چند خوبیاں تحریر کیجئے۔

۳۔ سفرنامہ" یا" افسانہ نگاری" پر نوٹ لکھئے۔

۴۔ مولانا الطاف حسین حالی کے حالات زندگی یا پریم چند کی ادبی خدمات تحریر کیجئے۔

۵۔ درج ذیل شعری اجزاء میں سے کسی ایک شعری حصے کو غور سے پڑھئے اور آخر پر دیئے گئے سوالات کے جواب لکھئے۔

۲×۵=۱۰

(الف) کانوں یہ ہو نہ میرے دیر و حرم کا احسان — روزن ہی جھونپڑی کا مجھ کو سحر نما ہو

پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے — ونا مرا وضو ہو نالہ مرا دعا ہو

دل کھول کر بہاؤں اپنے وطن پہ آنسو — سرسبز جن کی نم سے بوٹا امید کا ہو

(i) یہ اشعار کسی نظم سے لئے گئے ہیں اور نظم نگار کون ہیں؟

(ii) تیسرے شعر کی تشریح کیجئے۔

(iii) شاعر اپنے کانوں پر کس کا احسان نہیں لینا چاہتا ہے؟

(iv) پھولوں کو کون وضو کرانے کے لئے آتا ہے؟

(v) شاعر کس پر آنسو بہانا چاہتا ہے؟

(ب) منھ پھیر کے یہ کہنے لگیں شاہ کی ہمشیر
غیرت کی ہے جا غیر تو ہوں فدا یہ شبیر
منہ پھیر میں وہ مقتل سے جو ہوں صاحب شمشیر
شکوہ ہے مقدر کچھ ان کی نہیں تقصیر
انصاف تو کیجئے مجھے کیوں کر نہ گلا ہو
وہ پہلے بے دم نہ ہوں لہو جن میں ملا ہو

(i) یہ بند کس مرثیہ سے لیا گیا ہے اور مرثیہ نگار کون ہے؟

(ii) منھ پھیر کر شاہ کی ہمشیر نے کیا کہا؟

(iii) شاہ کی ہمشیر کس سے شکوہ کرتی ہے؟

(iv) پہلے چار مصرعوں میں قافیہ کی نشاندہی کیجئے۔

(v) آخری بند کے آخری دو مصرعوں کی وضاحت کیجئے۔

۶۔ درج ذیل سوالوں میں سے دو کے جواب ساٹھ (60) سے ستر (70) الفاظ میں لکھئے۔ ۱۰=۲×۵

(الف) "مومن خان مومن" یا" حامدی کاشمیری" کی غزل گوئی پر نوٹ لکھئے۔

(ب) مرزا غالب یا میر تقی میر کے حالات زندگی لکھئے۔

(ج) پروین شاکر کی شاعرانہ عظمت بیان کیجئے۔

(د) غزل یا نظم پر نوٹ لکھئے۔

۷۔ نظم شیشوں کا مسیحا کے مرکزی خیال کی وضاحت کیجئے۔

یا

اقبال یا میر انیس کے حالات زندگی لکھئے۔

۸۔ صرف دو اصطلاحات کی تعریف مثالوں کے ساتھ لکھئے۔

(i) تجاہل عارفانہ۔ (ii) مطلع

(iii) حسن تعلیل۔ (iv) ردیف

۹۔ ذیل میں سے دو سوالات کے جواب تفصیل سے لکھئے۔

(الف) " علی گڑھ تحریک کی علمی وادبی خدمات کا تذکرہ کیجئے۔

(ب) دبستان دلی کی شاعرانہ خصوصیات تحریر کیجئے۔

(ج) مخطوط غالب کی ادبی اہمیت تحریر کیجئے۔

(د) ترقی پسند تحریک کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

۱۰۔ اپنے چاچا کی خدمت میں آپ کے جنم دن پر بھیجے گئے انمول تحفے کے لئے شکریہ کا ایک خط لکھئے۔

(یا)

کمشنر میونسپل کارپوریشن کی خدمت میں اپنے علاقے کے گرے ہوئے صاف وصفائی کے معیار کی طرف توجہ دلانے کے لئے ایک شکایتی درخواست لکھئے۔

۱۱۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر دو سو (200) الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھئے۔

(i) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

(ii) علم کے فوائد

(iii) سائنس اور ہماری زندگی۔

یا

اپنے اسکول میں منائے گئے یوم اساتذہ کی تقریب کی اخباری رپورٹ تحریر کیجئے۔

۱۲۔ درج ذیل سوالات کے جواب صرف ایک یا دو الفاظ میں لکھئے:

(i) جسی دھر کو کس کا داروغہ مقرر کیا گیا تھا؟

(ii) سر سید احمد خاں کے نام میں لفظ "سر" کیا ہے؟

(iii) سبق مرحوم کی یاد میں کس صنف نثر سے تعلق رکھتا ہے؟

(iv) چھتری ڈھونڈنے میں مصنف کو کل کتنا خرچ اٹھانا پڑا تھا؟

(v) مینا کماری کا تعلق کس شعبے سے تھا؟

(vi) "دبستان لکھنو" سے وابستہ دو شعراء کے نام لکھئے۔